کیا گیا ہو انہیں پیش کرتے ہیں۔ڈاکٹر صاحب نے احادیث کا متن پیش کیا ہے، اور متن کو مختلف حدیث کے تیار شدہ سافٹ ویئر سے سرچ کیا ہے، لیکن حوالہ نامکمل دیا ہے، اگر کتاب اور باب کے ساتھ حدیث نمبر بھی تحریر کردیتے تو یقیناً یہ بہت زیادہ مفید کام ہوجاتا ہے، واضح رہے یہ اس موضوع پر پہلا حصہ ہے، موصوف کا ارادہ دوسرا حصہ بھی تیار کرنے کا تھا، لیکن غالباً زندگی نے مہلت نہیں دی۔

کتاب کا نام : فانوس (بچوں کے لئے منظوم کلام)

مصنف : منظر عارفی

ناشر : تذکرہ پبلی کیشنز، ۱۳۷، شاہ فیصل کالونی، بلاک نمبر ۳، کراچی، ۲۰۱۰ء

۰۳۲۲۔۲۵۵۹۸۵۴

قیمت وصفحات : ۲۰۰ روپے، صفحات ۱۲۷

منظر عارفی صاحب اصلاحی شاعری کرتے ہیں، تین ابواب پر مشتمل یہ کتاب آسان شاعری میں بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے تیار کی گئی ہے، جھوٹ، حیاء، نماز، غیبت اور اچھے اخلاق کی تعلیم اشعار کی صورت میں دی گئی ہے۔ ۲۰۱۰ء میں اس کتاب کو قومی سیرت ایوارڈ سے نوازا گیا، اور عمرہ پر بھیجنے کا اعلان کیا گیا، موصوف میرے ساتھ عمرہ میں شریک رہے اور ایک ہی کمرہ میں قیام کا موقع ملا، جوکہ میرے لئے سعادت کی بات ہے، موصوف کو اس سے قبل ۲۰۰۸ء میں نیشنل بک فاؤنڈیشن نے بھی توصیفی ایوارڈ سے نوازا تھا، موصوف کے بعض اشعار بہت جامع ہیں، حیاء پر ایک آخری شعر پیش خدمت ہے۔

اسلام کا جمال بھی شرم و حیاء میں ہے انسان کا کمال بھی شرم و حیا میں ہے

دوسرا شعر کتاب پر ملاحظہ کریں۔

سارے جہاں میں حق ہے عظمت کتاب سے کرتے ہیں جو بھی لوگ محبت کتاب سے
ہر عہد مشک بار ہے منظر کتاب سے اس درجہ اعتبار ہے منظر کتاب کا

کتاب کا نام : تحفہ حرمین شریفین

مصنف : مولانا ڈاکٹر مفتی عبدالرحمن کوثر مدنی

ناشر : ولی اللہ میمن، میمن اسلامک بکس، دکان نمبر ۲۹، نایاب جامع مسجد لیاقت آباد،